## ف فرض :- (جس کا پڑھنا نہایت ضروری ہے)

نماز کے اندر پانچ فرائض ہیں۔

(۱) قیام :- اتنی دیر تک کھڑے ہونا کہ قرأت کا فرض ادا ہو جائے۔

(۲) قرأت :- نماز میں کم از کم تین چھوٹی آیات یا تین آیات کے برابر ایک آیات کا پڑھنا ضروری ہے۔

(۳) رکوع :- یعنی اس قدر جھکنا کہ ہاتھ گھٹنوں تک پہونچ جائیں۔

(۴) سجدہ :- اس قدر زمین پر جھکنا کہ پیشانی، ناک، ہتھیلی، گھٹنہ اور پیر کی کم سے کم ایک انگلی زمین پر ٹکے رہے۔

(۵) قعدۂ اخیرہ :- نماز کی آخری رکعت میں پورا تشہد پڑھنے کے برابر تک بیٹھنا
(یعنی اتنی دیر تک بیٹھنا کہ التحیات سے لیکر عبدہ و رسلہ تک پڑھ سکے)